10.04.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

Music

------------------------------

☆ 26/11 کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے ملزم تہور رانا کو آج بھارت لایا جارہا ہے۔

☆ دلّی سرکار آیوشمان بھارت ہیلتھ کارڈ تقسیم کرنے کا سلسلہ آج سہ پہر شروع کررہی ہے۔

☆ سپریم کورٹ اِس مہینے کی 16 تاریخ کو اُن درخواستوں کی سماعت کرے گی، جن میں وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کو چیلنج کیا گیا ہے۔

☆ مالی سال 2024-25 میں بھارت سے اشیاء اور خدمات کی برآمدات 8 کھرب 20 ارب ڈالر کی ریکارڈ سطح سے تجاوز کرگئیں۔

☆ آج مہاویر جینتی پورے ملک میں روحانی عقیدت کے ساتھ منائی جارہی ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، Dhruv Kapila اور Tanisha Crasto کی بھارت کی مکسڈ ڈبلز کی جوڑی چین میں جاری ایشیا چیمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

----------------------------------

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Rana-India**

26/11 کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے ملزم تہور رانا کو آج بھارت لایا جارہا ہے۔ مرکزی وزیر پیوش گوئل نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر یہ جانکاری دی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے پختہ عزم کی وجہ سے آج ممبئی حملوں کے ملزم کو بھارت لایا جارہا ہے اور اُسے سخت سے سخت سزا دی جائے گی۔ ممبئی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس سرکار نے دہشت گردوں کو سزا دینے کیلئے کچھ نہیں کیا۔ اِس طرح کی اطلاعات ہیں کہ تہور رانا کو امریکہ سے ایک خصوصی پرواز کے ذریعے لایا جارہا ہے۔

**Shah-Tahawwur**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ 2008 کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے ملزم تہور رانا کی بھارت کو حوالگی مودی حکومت کی سفارت کاری کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان تمام لوگوں کو ملک واپس لائے، جنہوں نے بھارت کے عوام پر ظلم کیا ہے۔ ایک نجی ٹی وی چینل پر بات کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ یہ ملک کے لیے بڑی کامیابی ہوگی کہ تہور رانا کو بھارتی عدالت میں مقدمے کا سامنا کرنا پڑے گا۔

**Home Ministry Rana**

مرکزی حکومت نے 26/11 ممبئی دہشت گردانہ حملے کے ملزم تہور رانا کیس اور دیگر معاملات میں مقدمہ چلانے کے لیے ایڈوکیٹ نریندر مان کو خصوصی سرکاری وکیل مقرر کیا ہے۔ ایک گزٹ نوٹیفکیشن میں، وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ نریندر مان کو قومی جانچ ایجنسی کی جانب سے دلّی میں NIA کی خصوصی عدالتوں اور اپیل کورٹس میں مقدمہ چلانے کے لیے تین سال کی مدت کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔

**Delhi-Ayushman Card**

آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا کا آج نئی دلی میں آغاز ہورہا ہے۔ اِس اسکیم کے تحت ہر اہل کنبے کو ہر سال 5لاکھ روپے تک کا مفت صحت بیمہ فراہم کیا جائے گا۔ مذکورہ اسکیم کے تحت دلی حکومت نے بھی مزید اضافی 5 لاکھ روپے فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔صحت کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا اور دلی کی وزیر اعلیٰ رکھا گپتا اِس موقع پر موجود رہیں گے۔ تقریب کے دوران وہ مستفدین کو آیوشمان کارڈ تقسیم کریں گے۔گزشتہ ہفتے صحت سے متعلق قومی اتھارٹی نے اِس اسکیم کے نفاذ کے لیے دلی حکومت کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے تھے۔ اِس تقریب کے دوران پردھان منتری آیوشمان بھارت صحت بنیادی ڈھانچے مشن کے لیے صحت وخاندانی بہبود کی وزارت اور دلی حکومت کے درمیان ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے جائیں گے۔

**Centre-PM Poshan**

مرکزی سرکار نے پردھان منتری پوشن شکتی نرمان- پی ایم پوشن اسکیم کے تحت سامان کی لاگت میں ساڑھے نو فیصد کا اضافہ کیا ہے۔ مرکز کے زیرِ اہتمام اسکیم کے تحت سرکاری اور سرکار کی امداد سے چلنے والے اسکولوں میں پہلی کلاس سے آٹھویں کلاس تک اور بال واٹیکا میں پڑھنے والے 11 کروڑ سے زیادہ بچوں کو پکا ہوا گرم کھانا دیا جاتا ہے۔تعلیم کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ نئی شرحوں کا اطلاق سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے ہوگا۔ 2025-26 میں مذکورہ اضافے کی وجہ سے ہونے والا 954 کروڑ روپے کا اضافی خرچ مرکزی سرکار اٹھائے گی۔

**SC-Waqf Pettitions**

سپریم کورٹ اِس مہینے کی 16 تاریخ کو اُن درخواستوں کی سماعت کرے گی، جن میں وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کو چیلنج کیا گیا ہے۔ بھارت کے چیف جسٹس سنجیو کھنہ ، جسٹس سنجے کمار اور جسٹس کے وی وِشوا ناتھن پر مشتمل ایک بینچ اِس کیس کی سماعت کرے گی۔ مرکزی سرکار نے اِس سلسلے میں عدالتِ عالیہ میں کل ایک Caveat عذرداری دائر کی ہے تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ اُس کے دلائل کی سماعت کے بغیر کوئی ناموافق حکم جاری نہ کیا جائے۔ عدالتِ عالیہ میں کئی درخواستیں دائر کی گئی ہیں، جن میں وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کے آئینی جواز کو چیلنج کیا گیا ہے۔ مذکورہ ایکٹ منگل سے نافذ ہوگیا ہے۔

**India-Export**

عالمی منڈیوں میں اقتصادی غیریقینی کی کیفیت کے باوجود مالی سال 2024-25 کے دوران بھارت سے اشیاء اور خدمات کی برآمدات 8 کھرب 20 ارب ڈالر کی ریکارڈ سطح سے تجاوز کرگئیں۔ کامرس کی وزارت نے کہا ہے کہ اس سے سابقہ مالی سال

کے مقابلے چھ فیصد اضافے کی عکاسی ہوتی ہے۔ سابقہ مالی سال میں یہ برآمدات سات کھرب 78 ارب ڈالر مالیت کی رہی تھیں۔کامرس اور صنعتوں کے محکمے کے وزیر پیوش گوئل نے ابھرتے ہوئے تجارتی منظرنامے پر تبادلۂ خیال کیلئے نئی دلّی میں برآمدات کے فروغ سے متعلق کونسل اور صنعتی اداروں کے ساتھ ایک میٹنگ کی، جس میں اِن اعداد و شمار کا انکشاف کیا گیا۔ میٹنگ کے دوران جناب پیوش گوئل نے برآمد کاروں کو باہمی طور پر فائدہ مند کثیر رخی دو طرفہ تجارتی سمجھوتے کیلئے امریکہ کے ساتھ جاری بات چیت سے واقف کرایا۔

**President-Slovakia Visit**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو سلوواکیہ کے سرکاری دورے کے آج دوسرے دن Jaguar Land Rover فیکٹری دیکھنے جائیں گی اور بھارت - سلوواکیہ کاروباری فورم میں شرکت کریں گی۔ صدرِ جمہوریہ Nitra میں Philospher یونیورسٹی کے تقسیمِ اسناد کی تقریب میں بھی شرکت کریں گی۔ انہیں یونیورسٹی کی جانب سے اعزاز سے سرفراز کیا جائے گا۔محترمہ دروپدی مرمو نے تاریخی Bratislava Castle میں ایک ضیافت میں شرکت کی ، جس کا اہتمام سلوواکیہ کے صدر نے ، اُن کے اعزاز میں کیا تھا۔ صدرِ جمہوریہ نے شاندار مہمان نوازی اور پُرتپاک انداز سے خیرمقدم کئے جانے پر سلوواکیہ کی سرکار اور وہاں کے عوام کا شکریہ ادا کیا۔محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ یوگ اور آیوروید سے لے کر بھارتی پکوان تک، سلوواکیہ میں بھارتی کلچر کیلئے محبت ہمارے مضبوط عوام سے عوام کے رابطوں کا ایک ثبوت ہے۔

**Mahavir Jayanti**

24ویں اور آخری جین تیرتھنکر بھگوان مہاویر کا یومِ پیدائش مہاویر جینتی آج ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔ یہ جین برادری کے لوگوں کیلئے سب سے پوِتر دنوں میں سے ایک ہے۔ بھگوان مہاویر کے پیروکار پوجا اَرچنا کرکے، پرساد چڑھاکر اور رتھ جلوسوں میں حصہ لے کر یہ تہوار مناتے ہیں۔بہار میں جین برادری کے لوگ نالندہ ، ویشالی اور جموئی ضلعے میں کئی مقامات پر مہاویر جینتی منا رہے ہیں۔ ویشالی ضلعے میں Kundalpur کے مقام پر شوبھا یاترا ، Mastakabhishek کی رسوم اور بھکتی پروگرام کا اہتمام کیا گیا ہے، جو بھگوان مہاویر کی جائے پیدائش ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اس موقع پر لوگوں ، خاص طور پر جین برادری کو مبارکباد دی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کل نئی دلّی میں Navkar Mahamantra دِوس کے موقع پر ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جین برادری کے لوگ صدیوں سے سادگی، ضبط وتحمل اور پائیداری کے اصولوں پر عمل پیرا ہیں۔

**Badminton Asia C'Ships**

بیڈمنٹن میں چین میں Dhruv Kapila اور Tanisha Crasto پر مشتمل بھارت کی مکسڈ ڈبلز جوڑی ایشیا چمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ بھارتی جوڑی نے پری کوارٹر فائنل میں چینی تاپے کی جوڑی کو ہرایا۔خواتین سنگلز میں دو مرتبہ اولمپک میڈل جیت چکیں بھارت کی پی وی سندھو دوسرے راؤنڈ میں جاپان کی Akan Yamaguch سے ہار گئیں۔ وہیں مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں بھارت کے کرن جارج بھی تھائی لینڈ کے کھلاڑی سے ہار گئے۔

**IPL**

آئی پی ایل ٹی ٹوینٹی کرکٹ میں آج بنگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بنگلورو اور ڈیلی کیپٹلز کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ ڈیلی کیپٹلز تین میچ جیت کر چھ پوائنٹس کے ساتھ تیسرے مقام پر ہے، جبکہ آر سی بی چوتھی پوزیشن پر ہے۔